## عوام،شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشیں کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں،الطاف حسین
## بے گناہ شہریوں کو ہلاک وزخمی کرنے والے کراچی اوراس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں
## کراچی کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔31،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کی ہے اورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازشیں کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے مختلف واقعات میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بعض عناصر کو کراچی میں امن وامان کی صورتحال ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اوروہ دہشت گردی کے ذریعہ شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جوعناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو ہلاک وزخمی کررہے ہیں وہ کراچی اوراس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے کراچی کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ عوام کو آپس میں لڑانے کی سازشوں کو سمجھیں،سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اوراتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچی کا امن تباہ کرنے کی ہرسازش کو ناکام بنادیں۔جناب الطاف حسین نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اورٹھوس اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## مسلح دہشت گرد کراچی کو فساد کی آگ میں جھونکنے کی کوشش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ
## مسلح دہشت گرد قصبہ کالونی،اورنگی ٹاؤن،بنارس چوک اوردیگر علاقوں میں اردو بولنے والوں کو گولیاں ماررہے ہیں اورتشدد کا نشانہ بنارہے ہیں
## دہشت گردوں نے آج بھی قصبہ کالونی اوراورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں پر پہاڑیوں سے باقاعدہ نشانہ لےلیکر مکینوں پر فائرنگ کی
## جسکے باعث ایم کیوایم کے کئی ہمدردنوجوان،بزرگ،خواتین اوربچے شدید زخمی ہوگئے
## معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔31،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قصبہ کالونی اوراورنگی ٹاؤن کے علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی جانب سے علاقے کے مکینوں پروحشیانہ فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے اورایم کیوایم کے کئی ہمدردوں کے شہید اورزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلح دہشت گرد قصبہ کالونی،اورنگی ٹاؤن،بنارس چوک اورقریبی علاقوں میں گزشتہ تین روز سے اردو بولنے والوں کو گولیاں ماررہے ہیں اورانہیں تشدد کا نشانہ بنارہے ہیں۔آج بھی بنارس چوک پر رئیس علی ولد کمال الدین کو بس سے اتارکر شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا اورپھر گولیاں مارکر شہید کردیا گیا،مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی اوراورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقوں پر پہاڑیوں سے باقاعدہ نشانہ لےلیکر مکینوں پر فائرنگ کی جسکے باعث ایم کیوایم کے کئی ہمدردنوجوان،بزرگ،خواتین اوربچے شدید زخمی ہوگئے۔قصبہ کالونی کے ایریا یوسی نمبر8 کے حق پرست کونسلر ایوب کے 24 سالہ صاحبزادے محمد آصف کے سر میں گولی لگی جوموت وزندگی کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔دہشت گردوں کی جانب سے پہاڑیوں پر سے کی جانے والی فائرنگ کے نتیجے میں قصبہ کالونی یونٹ132 میں ایم کیوایم کے ہمدرد وسیم ولد کلیم،ایچ ایریا میں محمد احمد ولد صغیر احمد،علاقے L-4 میں محمد آصف ولد محمد یامین،میانوالی کالونی میں زوہیب ولد مراد،قصبہ کالونی ڈھائی نمبر کے علاقے اے ون ایریا میں ذیشان عرف شانی زخمی ہوئے۔ان مسلح دہشت گردوں نے بنارس چوک،قصبہ موڑ اوردیگر ملحقہ علاقوں میں راہگیروں کو بھی پکڑ پکڑ بیدردی سے گولیاں ماریں جسکے نتیجے میں کامران،قمرالزماں اورایم کیوایم کے شہید کارکن شکیل اعظم کے بھانجے جنید ولد ظفر اقبال سمیت دیگر افراد بھی زخمی ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وحشت وبربریت کے یہ واقعات اس حقیقت کا ثبوت ہیں کہ مسلح دہشت گرد اپنی مسلسل دہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے شہر کا امن تباہ کرنے اورشہر کو فساد کی آگ میں جھونکنے کی کوشش کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اورحکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں قیام امن کیلئے ضروری ہے کہ معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے ان دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اورشہریوں کو جان ومال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔

## فیصل آباد میں کمسن بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے اور قتل کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے، اراکین رابطہ کمیٹی، متحدہ قومی موومنٹ
## ان گھناؤنے جرائم میں ملوث سفاک عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے

فیصل آباد۔۔۔31 جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین چوہدری نے فیصل آباد میں کمسن بچی کو اغواء کر کے زیادتی کا نشانہ بنانے اور زیادتی کے بعد قتل کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کمسن بچی کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں کمسن بچیوں سمیت خواتین کو اجتماعی زیادتی، انہیں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے اور قتل کرنے کے واقعات روزمرہ کا معمول بن گئے ہیں اور فیصل آباد میں کمسن بچی کے ساتھ زیادتی کا واقعہ انتہائی شرمناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر، وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور وزیرداخلہ پنجاب سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد میں کمسن بچی کے اغواء اور اسے زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم سانگھڑ زون، سرجانی ٹاؤن، شاہ فیصل اور ملیر سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ جعفر خان لغاری کی یونٹ کمیٹی کے رکن انتظار کی والدہ محترمہ تاجن بیگم، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 04 کے کارکن محمد اسلم کی والدہ محترمہ فاطمہ بی بی، ایم کیو ایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن سلمان صلاح الدین کے والد قاضی امر الدین اور ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن مرزا آصف بیگ کے والد مرزا نصیر بیگ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## کراچی یونین آف جرنلسٹس کے سالانہ انتخابات میں کامیابی پر رابطہ کمیٹی کی دی پینل کو مبارکباد

کراچی۔۔۔31، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی یونین آف جرنلسٹس کے سالانہ انتخابات میں غیر معمولی کامیابی حاصل کرنے پر دی پینل کو دلی مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دی پینل کے نومنتخب صدر خورشید عباسی، سیکریٹری سید حسن عباس، نائب صدور سعید جان بلوچ، ظہیر احمد، جوائنٹ سیکریٹرز واجد رضا اصفہانی، مشتاق سرکی، ٹریژرار شاہد غزالی سمیت گورننگ باڈی کے نومنتخب ارکان محمد علی حفیظ، رفیق بلوچ، بلقیس جہاں، صلاح الدین صلو، سید شریف الحسن، الفت حسین مغل اور ذوالفقار راجپر کو مبارکباد دی ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ وہ صحافیوں کے حقوق اور آزاد صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کے لئے جدوجہد کرتے رہیں گے۔

☆☆☆☆☆